رول نمبر: ____________

Objective
Paper Code
6027

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ
اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ پہلا
وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

FSD-1-24

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | استعارہ لفظ ہے: | ہندی | اُردو | عربی | فارسی |
| 2 | استعارہ ہے: | چاند جیسا | میرا چاند | چاند سا | چاند تارا |
| 3 | ایک چیز کو دوسری چیز جیسا کہنا کہلاتا ہے: | تلمیح | تشبیہ | استعارہ | کنایہ |
| 4 | تشبیہ ہے: | موتیوں جیسے دانت | ابرِ باراں | سیاہ آنکھیں | قوسِ قزح |
| 5 | ادات تشبیہ دوسرا نام ہے: | مشبہ کا | مشبہ بہ کا | حرف تشبیہ کا | غرض تشبیہ کا |
| 6 | پطرس بخاری نے طلباء کی اقسام بنائی ہیں: | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 7 | نوجوان تاجر کتب غائبانہ مرید تھا: | علامہ اقبال کا | مولانا روم کا | اکبرالٰہ آبادی کا | مولانا گرامی کا |
| 8 | مرزا غالب کی اقامت کا دارومدار کس کے حکم پر تھا؟ | میجر برن | کرنل برون | تھانے دار | جمعدار |
| 9 | اچھن کا باپ پیتا تھا: | سگریٹ | چائے | شراب | بیڑی |
| 10 | "سفارش" میں کوچوان کا نام تھا: | فیکا | شریکا | صدیقا | انیقا |
| 11 | پیاز کس بھاؤ بک _____ ہے۔ | رہا | رہتے | رہی | رہے |
| 12 | شجرکاری صدقہ جاریہ _____ ہے۔ | ہوتا | ہوتی | ہوتیں | ہوتے |
| 13 | یہ راہ کہاں ختم ہو _____ ۔ | گا | گئیں | گی | گئے |
| 14 | اصغر کو خاصی دیر بعد ہوش _____ ۔ | آیا | آئی | آئے | آئیں |
| 15 | حسن _____ ناک ٹیڑھی ہے۔ | کا | کی | کو | کے |
| 16 | اب، جب، کب، شب، لب کہلائیں گے: | ردیف | قوافی | تلمیح | مقطع |
| 17 | ردیف اصطلاح ہے: | نثری | افسانوی | شعری | سیاسی |
| 18 | مقطع کے لئے ضروری ہے: | زمین | آخری شعر اور تخلص | مسدس | مخمس |
| 19 | مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں: | ہم قافیہ | ہم آہنگ | ہم خیال | ہم شکل |
| 20 | تلمیح کے معنی ہیں: | کنارہ کرنا | اشارہ کرنا | ارادہ کرنا | سہارا دینا |

1101-XI124-68000

ParhloPakistan.com

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

# اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

FSD-1-24

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

نغمہ آزادی کا گونجے گا حرم اور دَیر میں وہ جو دارالحرب ہے، دارالاماں ہو جائے گا
ہم کو سودا ہے غلامی کا، کہ آزادی کی دُھن چند ہی دن میں، ہمارا امتحاں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

## (حصہ دوئم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) "تصریف" کی نمایاں خصوصیات میں فاضل مصنف نے اس میں جا بجا اپنے تجربات کی روشنی میں سرجری کے متعلق ایسی تصریحات کی ہیں جن سے طبی دنیا اس سے پہلے بے خبر تھی۔ زہراوی کا طرزِ بیان عام فہم اور زبان سادہ ہے۔ وہ جس موضوع پر قلم اٹھاتا ہے اس کے تمام رموز اس خوبی سے بیان کرتا ہے کہ قاری کے لئے کسی قسم کا الجھاؤ باقی نہیں رہتا۔ پھر بعض دیگر طبی مصنفوں کی طرح وہ فلسفیانہ مُوشگافیوں میں نہیں الجھا بلکہ اپنے فن کے عملی پہلوؤں کو سامنے رکھتا ہے اور صرف انھی امور کی توضیح کرنا ضروری خیال کرتا ہے جو عملی افادیت کے حامل ہوں۔

(ب) رسالہ ایسٹ اینڈ ویسٹ (انگریزی) کے اگست کے نمبر میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے ایک ریویو دونوں مثنویوں پر لکھا ہے۔ نہایت قابلیت سے لکھا ہے۔ اگر اس ریویو کی کوئی کاپی مل گئی تو ارسال خدمت کروں گا۔ آج "زمانہ" میں ایک ریویو نظر سے گزرا۔ "زمانہ" کے اسی نمبر میں آپ کے اشعار بھی دیکھے جن کو کئی دفعہ پڑھا ہے اور ابھی کئی بار پڑھوں گا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) ادیب کی عزت (ii) اور آنا گھر میں مرغیوں کا 01,09

5۔ اختر شیرانی کی نظم "برسات" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان مطالعہ کتب کے فوائد پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔۔ یا ۔۔ "تقریب بسلسلہ یوم اقبال" روداد تحریر کیجیے۔ 10

7۔ سند جاری کروانے کے لئے چیئر مین تعلیمی بورڈ کے نام درخواست لکھیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

اللہ تعالیٰ نے انسان کو طرح طرح کی نعمتیں عطا کی ہیں۔ عزت، آبرو، دولت اور سخن سازی مگر صحت و تندرستی ان سب سے اہم ہے۔ بادشاہی تو فی الحقیقت وہی ہے جو صحت مند اور باوقار و باکردار ہو یہ انسان پر اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا کرم ہے۔ انسان امیر ہو یا غریب، قیدی ہو یا آزاد، صحت اور آبرو ہی سے زندگی ہے۔ دنیا بھر کی خوبیاں صحت اور عزت میں پوشیدہ ہیں اگر انسان تندرست ہو تو سیر سپاٹے اور گھومنے پھرنے کا بھی لطف آتا ہے اور اگر جسم کی یہ مشین خراب ہو جائے تو امارت بھی اور عیش و عشرت بھی بیکار اور بے مزہ ہے۔ نظیر اکبر آبادی نے کیسی سچی بات کہی ہے کہ انسان کی حیثیت اور مقام و مرتبہ جو بھی ہو، تندرستی اور صحت ہی اصل چیز ہے۔

1101-XI124-68000

ParhloPakistan.com